حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن (مہتمم دار العلوم دیوبند) کا

مولانا محمد عیسیٰ منصوری کے نام گرامی نامہ

باسمہ تعالیٰ

مکرمی و محترمی، زید مجدکم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر و عافیت ہوں گے۔

گرامی نامہ نظر نواز ہوا، یاد فرمائی کے لیے شکر گزار ہوں۔

"ورلڈ اسلامک فورم" کے نام سے ادارہ آپ حضرات نے قائم کیا۔ اخبار "جنگ" کی فوٹو کاپی ملاحظہ کر کے ادارہ کی کارگزاری کا علم ہوا، بے حد خوشی ہوئی۔ خدائے عزوجل اپنے فضل و کرم سے مخلص و محنتی رجال کار مہیا فرمائے۔ یہ وقت کی شدید ضرورت تھی۔ دعا ہے کہ خدائے تعالیٰ آپ اور آپ کے احباب کو اس میں کامیابی عطا فرمائے، اور اس کے ذریعہ عالم اسلام کی خدمت کا موقع مرحمت فرمائے۔ آمین۔

اگست ۹۴ء میں ہونے والے سیمینار میں شرکت کے لیے جناب نے بندہ کو تحریر فرمایا ہے۔ اولاً تو ابھی بہت وقت ہے، پھر بھی دار العلوم کے مشاغل کار اور پھر اپنی صحت کی وجہ سے اسفار نہیں کر پاتا ہوں۔ اس محبت کے لیے ایک بار پھر شکر گزار ہوں۔ امید ہے کہ آپ بھی دعوات صالحہ سے یاد فرماتے رہیں گے۔

والسلام، مرغوب الرحمٰن عفی عنہ
مہتمم دار العلوم دیوبند

مکرمی جناب محمد عیسیٰ منصوری صاحب زید مجدہم
سیکرٹری جنرل ورلڈ اسلامک فورم لندن